## بلوچ قوم پرست رہنماؤں کے بہیمانہ قتل کے خلاف ایم کیوایم کی جانب سے کل بروز اتوار
## دوپہر 3 تین بجے کراچی میں مزارقائد پر پرامن احتجاجی ریلی نکالنے کا اعلان
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے مشترکہ اجلاس میں فیصلہ، غلام محمد بلوچ،
## شیر محمد بلوچ اورمنیر بلوچ کے بہیمانہ قتل پر بلوچ عوام سے مکمل یکجہتی، دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار
## تمام سیاسی کارکنان، سول سوسائٹی اورظلم کے خلاف یقین رکھنے والے تمام شہری، ایم کیوایم کے کارکنان، مائیں،
## بہنیں اور بزرگ پرامن احتجاجی مظاہرے میں شریک ہوکرآوازاحتجاج بلند کریں۔رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔11 اپریل2009ء

بلوچ قوم پرست رہنماؤں غلام محمد بلوچ، شیر محمد بلوچ اورمنیر بلوچ کے بہیمانہ قتل کے خلاف ایم کیوایم کے زیراہتمام کل بروزاتواردوپہر 3 تین بجے کراچی میں مزارقائد پر پرامن احتجاجی ریلی نکالی جائے گی۔اس بات کا فیصلہ ہفتہ کی شام ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا۔اجلاس میں بلوچ قوم پرست رہنماؤں غلام محمد بلوچ، شیر محمد بلوچ اورمنیر بلوچ کے بہیمانہ قتل کی شدیدالفاظ میں مذمت کی گئی اوراس ظالمانہ واقعہ پر بلوچ عوام سے مکمل یکجہتی، دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہارکیا گیااورفیصلہ کیا گیاکہ بلوچ رہنماؤں کے بہیمانہ قتل کے خلاف کل بروزاتواردوپہر 3 بجے مزارقائد پر پرامن احتجاجی ریلی نکالی جائے گی اور بلوچ عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہارکیا جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے تمام سیاسی کارکنوں، سول سوسائٹی اورظلم کے خلاف یقین رکھنے والے تمام شہریوں، ایم کیوایم کے کارکنوں، ماؤں، بہنوں، بزرگوں سے پرزوراپیل کی ہے کہ وہ اس پرامن احتجاجی مظاہرے میں شریک ہوکراس احتجاجی ریلی کوکامیاب بنائیں اورظلم کے خلاف آوازاحتجاج بلند کریں۔پرامن احتجاجی ریلی کے انعقاد کے سلسلے میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی، تمام سیکٹروں اورتمام تنظیمی شعبوں نے بھرپورتیاریاں شروع کردی ہیں۔

## عوام بلوچ رہنماؤں غلام محمد بلوچ، شیر محمد بلوچ اورمنیر بلوچ کے بہیمانہ قتل کے خلاف کل بروزاتوارکراچی میں
## مزارقائد پرنکالی جانے والی پرامن احتجاجی ریلی میں بھرپورشرکت کریں اوراسے کامیاب بنائیں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔11 اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بلوچ رہنماؤں غلام محمد بلوچ، شیر محمد بلوچ اورمنیر بلوچ کے بہیمانہ قتل کے خلاف کل بروزاتوارکراچی میں مزارقائد پرنکالی جانے والی پرامن احتجاجی ریلی میں بھرپورشرکت کریں اوراسے کامیاب بنائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں، ماؤں، بہنوں، بزرگوں، تمام سیاسی کارکنوں، سول سوسائٹی اورظلم کے خلاف یقین رکھنے والے تمام حق پرستوں سے پرزوراپیل کی کہ وہ اس پرامن احتجاجی مظاہرے میں شریک ہوکراس احتجاجی ریلی کوکامیاب بنائیں اورظلم کے خلاف آوازاحتجاج بلند کریں۔

**ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی بلوچستان نیشنل پارٹی کے صدر سرداراختر مینگل سے فون پر گفتگو، بلوچ رہنماؤں کے بہیمانہ قتل پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا**

**حکومت میں شامل ہونے کے باوجود آج بھی بلوچ عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم پر ہرطرح سے ان کا ساتھ دینے کیلئے تیار ہیں، بلوچ رہنماؤں کے بہیمانہ قتل پر اسمبلی سمیت ہرفورم پرآوازاٹھائیں گے۔الطاف حسین**

**ایم کیوایم نے حکومت میں رہتے ہوئے بلوچستان میں فوجی آپریشن اوراکبربگٹی کے سفاکانہ قتل پراحتجاج کیا تھااور آج بھی انکےقتل کی تحقیقات کامطالبہ کرتی ہے۔الطاف حسین**

**بلوچ رہنماؤں کےقتل پرآوازاٹھانےاوربلوچ عوام سےاظہاریکجہتی کرنے پراپنی اوربلوچستان نیشنل پارٹی کے تمام رہنماؤں اورکارکنوں کی جانب سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔اختر مینگل**

لندن۔۔۔11 اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے آج بلوچستان نیشنل پارٹی کے صدر سرداراختر مینگل سے فون پرگفتگوکی اوران سے تین بلوچ رہنماؤں کے بہیمانہ قتل پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ایک حق پرست جماعت ہے جس نے ہمیشہ سچ کو سچ اورظلم کوظلم کہااور ہرظلم کے خلاف آوازاٹھائی۔ایم کیوایم نے حکومت میں رہتے ہوئے بلوچستان میں فوجی آپریشن اوراکبربگٹی کے سفاکانہ قتل پربھی احتجاج کیا تھااورآج بھی ان کےقتل کی تحقیقات کا مطالبہ کرتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب بلوچستان میں فوجی آپریشن جاری تھا تواس وقت بھی ایم کیوایم نے بلوچستان میں ہونے والے واقعات کومنظرعام پرلانے کیلئے صحافیوں اورانسانی حقوق کی تنظیموں پرمشتمل ایک فیکٹس فائنڈنگ مشن بلوچستان بھیجنے کا اعلان کیا تھا جس کی تمام تیاریاں مکمل ہوچکی تھیں لیکن فیکٹس فائنڈنگ مشن کے روانہ ہونے سے ایک روزقبل جمہوری وطن پارٹی کے رہنماشاہدبگٹی نے ایم کیوایم کی قیادت سے رابطہ کرکے فیکٹس فائنڈنگ مشن کو بلوچستان بھیجنے سے منع کردیا۔ جناب الطاف حسین نے اختر مینگل سے کہا کہ میں کل بھی بلوچ عوام کے ساتھ تھااورآج بھی ساتھ ہوں، آج بھی جوبلوچ رہنماؤں کا بہیمانہ قتل ہواہےاس پرہم بلوچ عوام کےغم میں برابر کےشریک ہیں، اس واقعہ پر ہم نے ملک بھر کےعوام سے اپیل کی کہ وہ کل اپنے بازوؤں پرسیاہ پٹیاں باندھیں اوراپنےعمل سے ثابت کردیں کہ وہ بلوچستان کے مظلوم عوام کےغم میں برابر کےشریک ہیں اوراس ظلم کے خلاف انکےساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم حکومت میں شامل ہونے کے باوجودآج بھی بلوچ عوام پرڈھائے جانے والے مظالم پرہرطرح سے ان کا ساتھ دینے کیلئے تیارہیں، ہم بلوچ رہنماؤں کے بہیمانہ قتل پراسمبلی سمیت ہرفورم پرآوازاٹھائیں گے۔ سرداراختر مینگل نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ غلام محمد بلوچ، شیرمحمد بلوچ اورمنیر بلوچ کو3 اپریل کی صبح گرفتارکیا گیا تھااورکئی روزتک تشددکانشانہ بنانے کے بعدانہیں سفاکی سےقتل کرکےانکی لاشیں مسخ کرکے پھینک دیا گیااور بلوچ عوام پرایک اورظلم ڈھایا گیا۔اختر مینگل نے کہا کہ بلوچ عوام ہرطرح کی قربانی دیدیں گےلیکن اپنےحقوق سے دستبردارنہیں ہوں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان تینوں شہیدرہنماؤں نے اپنےلہوسے بلوچ عوام میں بیداری کی ایک اورلہرپیدا کی ہے جس پران شہیدرہنماؤں کو جتنا سلام عقیدت پیش کریں کم ہے۔ سرداراختر مینگل نے بلوچ رہنماؤں کےقتل پر آوازاٹھانے اوربلوچ عوام سے اظہاریکجہتی کرنے پراپنی اوربلوچستان نیشنل پارٹی کے تمام رہنماؤں اورکارکنوں کی جانب سے جناب الطاف حسین کاشکریہ ادا کیا۔ جناب الطاف حسین نے بزرگ رہنماسردارعطاءاللہ مینگل کیلئے نیک جذبات کا اظہارکیااوران کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم برطانیہ کے تحت پیر کو لندن میں 10، ڈاؤننگ اسٹریٹ پر احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا

## احتجاجی مظاہرے میں لندن، مانچسٹر، برمنگھم، شیفیلڈ اور گلاسگو کے کارکنان اوران کے اہل خانہ شرکت کریں گے

## ایم کیوایم کے کارکنان وہمدرد احتجاجی مظاہرے میں بھرپور شرکت کریں، رابطہ کمیٹی

لندن۔۔۔11، اپریل2009ء

سوات میں معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کی سزا کے خلاف ایم کیوایم برطانیہ کے تحت پیر کو لندن میں احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ یہ احتجاجی مظاہر دو پہر دو بجے برطانیہ کے وزیراعظم گورڈن براؤن کی سرکاری رہائش گاہ 10، ڈاؤننگ اسٹریٹ پر کیا جائے گا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم لندن، مانچسٹر، برمنگھم، شیفیلڈ، گلاسگو اور دیگر شہروں سے تعلق رکھنے والے کارکنان، برطانیہ میں مقیم پاکستانی اوران کے اہل خانہ شرکت کریں گے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے برطانیہ میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیوایم برطانیہ کے زیراہتمام پیر کے روز 10، ڈاؤننگ اسٹریٹ لندن میں ہونے والے احتجاجی مظاہرے میں بھرپور شرکت کریں۔

## ایم کیوایم امریکہ شعبۂ خواتین کے زیر اہتمام اقوامِ متحدہ کے دفتر کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

## مظاہرین نے سوات میں پیش آنے والے شرمناک واقعے پر سخت غم وغصہ کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ

## اس واقعے کے ذمہ داروں کو سخت ترین سزا دی جائے

نیویارک۔۔۔11اپریل2009ء

سوات میں طالبان کی جانب سے 16 سالہ لڑکی کو سرعام کوڑے مارے جانے کے خلاف ایم کیوایم شعبۂ خواتین کی جانب سے امریکہ میں اقوام متحدہ کی عمارت کے سامنے پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرہ کرنے والی خواتین نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر طالبان کی جانب سے معصوم لڑکی پر سرعام کوڑے مارے جانے خلاف مذمتی کلمات اور نعرے درج تھے۔ اس موقع پر احتجاجی مظاہرین نے دہشت گرد، دہشت گرد۔۔طالبان دہشت گرد، ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت۔۔نامنظور۔۔نامنظور۔۔۔,Love Pakistan ... Hate Taliban اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ بعدازاں ایم کیوایم امریکہ کے ذمہ داران نے احتجاجی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے سوات میں معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کے بہیمانہ واقعہ کی شدید مذمت کی اوراسے انسانیت سوز قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر اسلام کے نام پر مساجد اور امام بارگاہوں میں خودکش حملے کررہے ہیں اوراپنے کلمہ گو بھائیوں کو قتل کررہے ہیں وہ دین اسلام اور پاکستان کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوات میں معصوم لڑکی پر تہمت لگا کر اسے الٹا لٹا کر سرعام کوڑے مارنے کا عمل اسلامی تعلیمات اور انسانیت کے خلاف ہے۔ مظاہرے کے اختتام پر شعبۂ خواتین کی ذمہ داروں نے یادداشت اقوامِ متحدہ کے متعلقہ حکام کے حوالے کی اور پاکستان میں طالبان کی بربریت کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا۔

## نوجوان ذہنی نشوونما کے ساتھ جسمانی صحت پر بھی توجہ دیں، شعیب بخاری

## حکومت سندھ اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تعاون سے سرسید گرلز کالج میں ہیپا ٹائٹس کے موضوع پر سیمینار سے خطاب

کراچی۔۔۔11/اپریل2009ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ نوجوان ذہنی نشوونما کے ساتھ جسمانی صحت پر بھی خصوصی توجہ دے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ حکومت سندھ اور فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تعاون سے سرسید گرلز کالج میں ہیپا ٹائٹس کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار کا انعقاد ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ حکومت سندھ اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کیا گیا جس میں ہیپا ٹائٹس کے حوالے سے طالبات کو آگاہی فراہم کی گئی

اوراس سے بچاؤ کے مشورے دیئے گئے۔شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے سیمینار میں مہمان خصوصی طور پر شرکت کی۔اس موقع پر حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، ریحان ظفر کے علاوہ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر علی انجم نے بھی موجود تھے۔شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے کہا کہ صحت ہزار نعمت ہے اور صحت مند افراد سے صحت مند معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ ذہنی نشونما کے ساتھ ساتھ اپنی جسمانی صحت پر بھی توجہ دیں۔انہوں نے ہیپاٹائٹس کی علامات، اس کے پھیلنے کی وجوہات اوراس سے بچاؤ کی تدابیر پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے طالبات پر زور دیا کہ وہ ہیپاٹائٹس ویکسین لگوائیں۔انہوں نے بتایا کہ حق پرست قیادت کی جانب سے لیاقت آباد ٹاؤن کی تمام یوسیز میں ایک سے دس سال کی عمر کے 45، ہزار سے زائد بچوں کو ہیپاٹائٹس کی ویکسین لگائی جاچکی ہے۔

## وفاقی حکومت کراچی کی شہری حکومت کے فنڈز بحال کرے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔11/اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی اراکین نے حکومت کی جانب سے کراچی کی شہری حکومت کے فنڈز میں 59 کروڑ روپے سے زائد کی کٹوتی کے عمل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ شہری حکومت کے روکے گئے فنڈز بحال کیے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے فنڈز روکے جانے کے باعث شہری حکومت کے ترقیاتی کام بری طرح متاثر ہورہے ہیں اور فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث سٹی حکومت ملازمین کی تنخواہیں ادا کرنے سے قاصر ہے۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے اپیل کی کہ کراچی کی شہری حکومت کو درپیش مالی مسائل پر توجہ دی جائے اور شہری حکومت کے روکے گئے فنڈز بحال کیے جائیں۔

## طالبان جبر کے ذریعے انتہاء پسندی کو فروغ دینا چاہتے ہیں، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔11/اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین نے کہا ہے کہ طالبان جبر کے ذریعے انتہا پسندی کو فروغ دینا چاہتے ہیں، ملک میں اسلام کے نام پر دہشت گردی کے باعث دین اسلام کو پوری دنیا میں بدنام کررہے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سوات میں طالبان کی جانب سے 16 سالہ لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کا عمل سراسر ظلم وبربریت ہے اور ایم کیوایم اس ظلم کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے باشعور عوام ہیں اور وہ طالبان کی خودساختہ شریعت کو کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کریں گے۔

## حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے قومی شاعر عبدالمجید سرکش کی عیادت کی

لاڑکانہ۔۔۔11، اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ورکن سندھ اسمبلی نثار پہنور، رکن سید خورشید علی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجا نے لاڑکانہ میں قومی شاعر عبدالمجید سرکش کی رہائشگاہ جاکران کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انکی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم لاڑکانہ زونل کمیٹی کے انچارج واراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے عبدالمجید سرکش کی خیریت دریافت کی اوران کی صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کی نومنتخب اراکین رابطہ کمیٹی نے شہداء قبرستان اور پاپوشنگر قبرستان جاکر فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔11/اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے نومنتخب اراکین رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، توصیف خانزادہ، کیف الوریٰ، شاکر علی، انیس ایڈوکیٹ، سلیم تاجک، کنور خالد یونس اور سیف یارخان نے جمعہ کے روز عزیز آباد کے شہداء قبرستان اور پاپوشنگر قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدہ خورشید بیگم مرحومہ، والد نذیر حسین مرحوم، بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید سمیت ایم کیوایم کے تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔رابطہ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور شہداء کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعائیں بھی کیں۔

☆☆☆☆☆